معجزات وعجائبات طبِّ یونانی

سِلکِ مُعجز نما

مصنفہ و مؤلفہ

ڈاکٹر شاد گیلانی

ہومیوپیتھ و ماہر علوم فلکیات

ملک سراج الدین اینڈ سنز، پبلشرز

48/C لوئر مال، لاہور

معجزات وعجائبات طبِ یونانی

سلکِ معجز نما

مصنفہ و مؤلفہ

ڈاکٹر شاد گیلانی

ہومیو پیتھ و ماہر علوم فلکیات

ملک سراج الدین اینڈ سنز

48/C لوئر مال، لاہور۔ 54000

سر حرف

کام کی ایک بات ہزار فضول باتوں سے بہتر ہوتی ہے۔ میں اس پمفلٹ میں جو کچھ پیش کرر ہا ہوں، یہ علمِ طب کی پوری کائنات کے برابر ہے۔

یہ وہ جواہر پارے ہیں جن کے مقابلے میں ایلوپیتھی میں ابھی تک کوئی دوائی ایجاد نہیں ہو سکی۔ ایسے ایک ایک نسخہ کو اطبّاء ہزار کاوشوں سے حاصل کرتے ہیں۔ برسوں خدمت کرتے ہیں اور جب حاصل ہو جائے تو اپنے سینے میں گناہوں کی طرح چھپائے پھرتے ہیں۔

یہ پورا پمفلٹ ایسے ہی نسخوں کا خزانہ ہے، جن کو میں نے محض خدمتِ خلق کے لیے اور ابدی زندگی حاصل کرنے کے لیے شائع کرایا تا کہ آنے والی نسلوں میں میرا نام رہ جائے اور موجودہ اطبّاء کے بخل کا قفل ٹوٹ جائے۔

آپ کا

ڈاکٹر شاد گیلانی (ہومیو پیتھ)

(۱) آتشک کے لیے چراغ

دوا نہ کھانے کی ضرورت، نہ لگانے کی ضرورت۔ اس عسر العلاج مرض کے لیے ایک چراغ کا نسخہ پیش کر رہا ہوں جو سو فیصدی مفید ثابت ہوگا۔ ایسا علاج طبی کتب میں نہ آپ نے پڑھا ہوگا نہ دیکھا ہوگا نہ سُنا ہوگا۔ نسخہ کیا ہے۔ سراسر معجزہ ہے۔ صفتہ :۔

رسکپور۔ ہڑتال۔ سہاگہ تیپیہ۔ توتیا

یہ چاروں دوائیاں ہموزن لے کر سفوف کر دیں۔ مٹی کا ایک چراغ لے کر اس میں سرسوں کا تیل ڈالیں اور رُوئی کی بتّی میں ۶ ماشہ سفوف مذکورہ لپیٹ دیں اور چراغ کو روشن کر دیں۔ مریض کو لازم ہے کہ اس چراغ کی طرف تین گھنٹے بیٹھ کر دیکھا کرے۔ ۳ گھنٹے گزر جانے کے بعد چراغ کو بجھا دیں۔ دوسرے دن اسی چراغ کو روشن کر کے پھر مریض ۳ گھنٹے اسے دیکھے۔ اسی طرح ۳ دن کریں انشاء اللہ مرض آتشک خواہ کس قدر ہو ۳ دن کے اندر دُور ہو جائے گا۔ ﴿ فَاعْتَبِرُوْا یَاُولِی الْاَبْصَار ﴾

(۲) پلوریسی کے لیے صرف ایک خوراک

اس تکلیف دہ مرض کا عام طور پر ڈاکٹر و اطباء علاج کرتے کرتے تنگ آجاتے ہیں اور مریض کو آرام نہیں آتا۔ میں آپ کی خدمت میں جو نسخہ پیش کر رہا ہوں، ذرا اللہ کا نام لے کر اس کی صرف ایک خوراک دے کر تو دیکھیے، ۳ گھنٹے کے اندر پلوریسی کا وجود ہی ختم ہو کر کلی صحت آجائے گی۔

صفتہ :۔ گھوڑے کے اگلے دونوں پیروں (گھٹنوں) کے قریب ایک نشان

سا ہوتا ہے جسے گھوڑے کا پر کہا جاتا ہے، اس نشانی پر سے چھلکے بلیڈ یا قینچی سے اتار لیں۔ان چھلکوں کا وزن ایک رتی پرانا گڑ ایک ماشہ ملا کر ایک گولی بنا لیں اور عرق گاؤزبان ۵ تولہ کے ساتھ ایک خوراک دے دیں۔اللہ بس باقی ہوس۔ایک ہی خوراک سے پلوریسی کا وجود ختم۔

(۳) سانپ کاٹے کے لیے حیات بخش نسخہ

(۱۵ منٹ میں شفا)

لاکھوں میں سے انتخاب کردہ نسخہ۔دنیا بھر کے نسخے اس ایک فارمولے پر قربان ہیں۔صرف ایک قطرہ زخم پر لگا کر صحت اور شفا کی سند لکھ کر دے دو اور سانپ کاٹے کی زندگی کی ضمانت لکھ کر دے دو۔انشاءاللہ ایسا ہی ہوگا۔

صفتہ:۔ جنگلی پیاز کا پانی ایک سیر (عام پیاز نہیں بلکہ جنگلوں میں خودرو پیاز مل جاتا ہے، تلاش کریں ضرور ملے گا) نوشادر ٹھیکری ایک تولہ۔پیاز کے پانی کو نوشادر میں کھرل کر کے جذب کر دیں پھر دو پیالیوں میں حسب دستور جوہر اڑا لیں اور جوہر کو شیشی میں رکھ دیں ایک ہی دن میں یہ جوہر تیل بن جائے گا۔بار گزیدہ کو ایک قطرہ کھلا دیں اور ایک قطرہ زخم پر لگا دیں۔۵ منٹ کے اندر اندر شفا ہوگی۔بِعَوْنِ اللّٰہِ تَعَالیٰ

(۴) دمہ کے لیے ایک خوراک

صرف ایک ہی خوراک سے دمہ دُور

سیہہ ایک جانور ہے جو بلی کے برابر ہوتا ہے اور اس کے بدن پر فُٹ فُٹ لمبے کانٹے ہوتے ہیں۔پاکستان میں عام ہے۔اس کو مار کر اس کا معدہ نکال لیں۔صاف کر

کے سایہ میں خشک کریں اور خشک ہونے کے بعد سفوف محفوظ رکھیں۔

مقدارِ خوراک: ۲ ماشہ پانی کے ساتھ۔

مگر شرط یہ ہے کہ ۲ گھنٹے متواتر پانی کے نیچے بیٹھا رہے اور نہاتا رہے۔ نلکے کے نیچے، ٹیوب ویل یا کسی کنوئیں وغیرہ میں ۲ گھنٹے نہانا شرط ہے۔ سردی کا موسم ہو تو ایک گھنٹہ یا کم وقت نہانا شرط ہے۔ بدن میں اس قدر گرمی پیدا ہو جاتی ہے کہ فوراً ہی نہانے کو دل چاہتا ہے اور اس وقت تک نہانا ضروری ہے جب تک کہ بدن معمول کے مطابق نہ آجائے بس دُوسری خوراک دینے کی ضرورت ہی نہیں برسوں کا دمہ ایک خوراک سے ہی چلا جائے گا۔

(۵) موتیا بند کا سرمہ

صرف تین سلائی میں موتیا بند دُور

لوگ کہتے ہیں کہ موتیا بند کا علاج آپریشن کے سوا ممکن نہیں۔ یہ ایک غلط اور بے بنیادسی بات ہے۔ ذیل کا نسخہ ۳ دن استعمال کرنے کے بعد موتیا بلا آپریشن دُور ہو گا اور انشاء اللہ بصارت بچوں کی طرح تیز ہو جائے گی۔ عینک لگانے کی ضرورت نہ رہے گی۔ میں نے ایک بار بنایا۔ ہزاروں انسانوں کو آنکھیں خدا نے دے دیں۔ افسوس کہ اس کے بعد نہ بنا سکا۔

صفتہ:۔ ایسا سانپ تلاش کریں جو سیاہ رنگ کا ہو بلکہ اس کا پیٹ بھی سیاہ ہو (ایسے سانپ ساون بھادوں میں عموماً دیکھے جاتے ہیں) اس قسم کے سانپ کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے ۱۴ سیر دودھ میں ڈال کر شہر سے باہر جا کر جوش دیں اور جوش کے بعد ٹھنڈا کر کے ضامن لگا کر دہی بنا لیں۔ دہی کو بلو کر مکھن نکال لیں۔ اس مکھن کو چراغ میں تیل

کی بجائے ڈال کر کاجل حاصل کریں۔ یہ کاجل صرف ایک سلائی رات کو روزانہ لگایا کریں۔ صرف ۳ دن لگانا کافی ہے۔

⑥ طلسمی رومال

آپ نے مجمع بازوں کا کمال دیکھا ہوگا کہ ایک چھوٹے سے رومال کے ذریعہ اکھڑنے والے دانت کو مروڑی دے کر بغیر کسی تکلیف کے باہر نکال لیتے ہیں۔ یہ کمال اس رومال کا ہے اور میرا بھی تجربہ ہے کہ درست ہے۔ نسخہ حاضر ہے آپ بھی فائدہ اٹھائیں۔

رومال کو نیولے کی چربی میں تر کر کے رکھ دیں۔ بس طلسمی رومال تیار ہے جو ہزاروں انسانوں کے دانت نکالنے کے لیے کافی ہوگا۔ اگر آپ نیولے کی چربی دانتوں پر مل دیں گے تو بغیر فارسپس کے پوری بتیسی باہر آجائے گی۔

⑦ نامرد کے لیے صرف ۳ خوراکیں

آزمائیں تو داد دیں۔

نائزہ مگرمچھ ایک تولہ خشک کر کے سفوف کریں۔ الائچی خورد ۳ ماشہ۔ باریک پیس لیں اور دونوں دوائیاں ملا کر ۳ خوراک بنالیں۔

صبح مرغن غذا کھلا کر اس کے بعد صرف ایک خوراک روزانہ دیا کریں۔ تین دن استعمال کریں۔

مادر زاد نامرد کے علاوہ جس قسم کی نامردی ہوگی ۳ خوراکوں کے بعد زندگی بھر کسی دوا کی ضرورت نہ رہے گی۔

⑧ ناقابلِ برداشت قوت باہ

میں اس دوائی کو استعمال کرنے سے منع کروں گا کیونکہ اس کے استعمال کے بعد انسان اتنا حریص الجماع ہو جاتا ہے کہ ہمیشہ شیطانی لذتوں میں کھویا رہتا ہے۔ جماع کے سوا ان کو کسی صورت قرار آ سکتا ہی نہیں۔ نسخہ اس لیے پیش کر رہا ہوں کہ ایسے ایسے نسخے بھی طبِ یونانی میں موجود ہیں۔

صفتہ:۔ مئی کے مہینے میں مینڈک کے سر کو انگلی اور انگوٹھے کے درمیان دبا دو اور پیپل کا پتہ مینڈک کے سر پر ذرا اونچائی پر پکڑے رکھو جب سر کو بھینچو گے تو مستی نکل کر پیپل کے پتے پر جا کر لگے گی۔ اس کو ڈبیہ میں پونچھ لو۔ اسی طرح ۵-۱۰ مینڈکوں سے مستی نکال کر محفوظ رکھ لو۔ اس مستی کی خوراک ایک رتی ایک ہفتہ کھا لینے سے انسان میں اس بلا کی قوت آ جاتی ہے کہ بیسیوں انسان اس کے مقابلے میں عاجز ہوں گے۔

⑨ سرسام کا محیّر العقول عِلاج

سرسام کیا ہے؟ ورم اغشیۂ دماغ

اگر دماغ کے پردوں کا ورم باہر آ جائے اور مریض کی جان بچ جائے تو معجزہ نہیں تو اور کیا ہے؟

جھاہ (موش خاردار)

اس کو مار کر آنتیں نکال لیں جو باریک دھاگوں کی طرح ہوتی ہیں۔ آب لیدِ

خر میں ان کو کھرل کر کے لیپ سا بنا لیں اور ہاتھ پاؤں کے بیس ناخنوں پر لیپ کر دیں۔ایک چار تہہ کپڑے کو آبِ لیدِ خر میں تر کر کے ماتھے پر رکھ دیں ایک گھنٹہ کے بعد دماغ کا ورم باہر آ جائے گا اور مریض کو مطلقاً ہوش آ جائے گا۔اس سے بڑھ کر دنیا میں سرسام کے لیے کوئی دوا نہیں۔

(۱۰) سِل کے آخری درجہ کا کامیاب نسخہ

شیر مدار ایک حصہ۔چوب زرد خالص کا سفوف ۱۵ حصے۔دس منٹ ان کو کھرل کر کے ملا دیں۔نسخہ تیار ہے۔مقدارِ خوراک ۴ رتی سے ۸ رتی تک۔

جن مریضوں کو قبض ہو ان کو ۴ رتی سے ایک ماشہ تک سرد پانی سے۔جن مریضوں کو اسہال ہوں ان کو ایک رتی سے ۲ رتی تک سرد پانی سے۔جن کو پیچش ہو ان کو ۲ سے ۴ رتی تک نیم گرم پانی سے دیں۔غذائی پابندی لازم ہے۔ہر غذا میں گھی کثرت سے ڈالیں۔دودھ گھی ملا کر ہر روز پلاتے رہیں۔

گوشت ،شوربہ ، دودھ ، سبزیاں ، دال مونگ ، حلوا اور گھی کثرت سے دیں۔صرف ۳ دنوں میں خون آنا بند ہوگا۔ایک ہفتہ کے اندر اندر کھانسی کم ہونا شروع ہوگی۔۲ ہفتہ میں کھانسی ختم ہو گی۔ایک ماہ میں مریض مکمل طور پر شفایاب ہو جائے گا۔

از حد مفید نسخہ ہے۔جان سے زیادہ عزیز نسخہ ہے اس کی قدر کریں۔

(۱۱) تسہیلِ ولادت

پیٹ میں بچہ زندہ ہو یا مر چکا ہو، آپریشن کے سوا بچے کا پیدا ہونا محال نظر آئے تو خدا کا نام لے کر تخم گل لالہ ۵ تولہ لے کر اسے پانی سے خوب گھوٹ کر ہاتھ پاؤں کی

ہتھیلیوں اور پیروں پر ضماد کریں۔

اور کیتھرس مدر ٹنکچر (ہومیو پیتھک دوا) ۲ یا ۴ بوند پانی ملا کر پلا دیں۔ انشاءاللہ بچہ مردہ ہوگا یا زندہ۔ آپریشن کے بغیر پیدا ہو جائے گا اور مریضہ کی جان بچ جائے گی۔

(۱۲) اولادِ نرینہ پیدا کرنے کا یقینی علاج

یہ نسخہ ہزاروں مستورات پر استعمال ہو چکا ہے۔ جس نے بھی استعمال کیا خدا کے فضل و کرم سے لڑکا ہی پیدا ہوا خواہ اس سے پیشتر لڑکیاں ہی لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں۔ بے اولادوں کے لیے پیامِ رحمت ہے اور لاریب مفید نسخہ ہے۔

صفتہ:۔ موروں کے پَر ۳ عدد (ان کا اندرونی چاندوالا حصہ کاٹ کر باریک پیس لیں) تخم بھنگ ا تولہ، بداری قند ا تولہ، پُرانا گُڑ ا تولہ۔ ان سب چیزوں کو کوٹ کر موروں کے پروں سے ملا کر ۱۲ گولیاں بنا لیں۔

حمل کے تیسرے مہینہ میں (دو مہینے حمل کے ختم ہو جائیں) ایک گولی روزانہ گائے کے دودھ سے استعمال کرائیں۔ بے خطا نسخہ ہے۔

(۱۳) دق الاطفال کا شافی نسخہ

جو بچے سُوکھ کر کانٹا ہو چکے ہوں جن کے بچنے کی اُمید والدین کو بھی نہ ہو، ان کو ۳ ہفتے یہ دوا کھلائیں۔ بچے کی صحت قابلِ رشک ہو جائے گی اور مرض کا قلع قمع ہو جائے گا۔ اس مرض کے لیے ہزاروں نسخے طبی کتابوں میں آپ نے پڑھے ہوں گے مگر اس نسخہ کے مقابلہ کا نسخہ چراغ لے کر ڈھونڈنے پر بھی نہ مل سکے گا۔

صفتہ:۔ مُردہ کچھوے کی اوپر والی کوہان نما کھوپڑی لے کر پتھر کی سل پر

قطرہ قطرہ پانی ڈال کر گھسیں اور یہ گھس کر اکٹھا کرتے جائیں۔ جب یہ گھسا ہوا سفوف ۶ ماشہ کے برابر ہو جائے تو ذرا سا شہد ملا کر مٹر کے دانہ کے برابر گولیاں بنا لیں۔ ایک گولی روزانہ شیر مادر میں یا پانی میں گھس کر مریض بچے کو پلا دیا کریں ۳ ہفتے کے اندر اندر کئی پونڈ وزن بڑھ جائے گا۔

(۱۴) استقرارِ حمل کے لیے مجرّب دوائی

جو عورتیں اولاد کے لیے ترستی ہیں، ان کے لیے یہ نسخہ مژدۂ جان فزا سے کم نہیں ہے۔ اندرونی نقائص اور ایام کی خرابیاں دُور کرنے کے لیے پہلے ۳ ہفتے تک درج ذیل ہومیو پیتھی مرکب استعمال کرائیں۔ اس کے بعد مرکب یونانی نمبر ۲ منقلی کورس کے بعد ۷ دن تک استعمال کرائیں۔ انشاءاللہ حمل قرار پا جائے گا۔

نسخہ :۔ ہومیو پیتھی مرکب اشوکا، ہیلونیاس، آلٹرس فیری لوسا۔ ہر ایک ہموزن، مقدارِ خوراک ۱۰ بوند صبح دوپہر شام پانی میں ملا کر ۳ ہفتے تک استعمال کریں۔

مرکب یونانی :۔ داڑھی پیپل، داڑھی برگد، دودھی خورد، ہموزن سفوف کریں۔ بعد منقلی کورس ۶ ماشہ سفوف ہٰذا صبح شام گرم دودھ سے سات دن تک استعمال کریں۔

(۱۵) سانپ کاٹے کے واسطے گٹکا

مشہور بات ہے کہ سنیاسیوں کے پاس ایسا گٹکا ہوتا ہے جو مار گزیدہ کے زخم پر

خود بخود چمٹ جاتا ہے اور زہر کو چوس کر مریض کی زندگی بچا لیتا ہے۔ میرے تجربہ میں ایک آسان سا گٹکا بالکل اسی مقصد کے لیے یقینی فائدہ مند ہے، جس کی تلاش کے لیے جنگلوں کی خاک نہیں چھاننا پڑتی بلکہ بازار میں حاصل ہوسکتا ہے۔ آپ نے املی آلو بخارا کا نام تو سُنا ہوگا۔ املی کی گٹھلی لے لیں مگر یاد رہے کہ املی کی گھٹلیاں دو قسم کی ہوتی ہیں، املی کلاں اور املی خورد۔ ہمیں املی خورد کی گٹھلیوں کی ضرورت ہے ان گٹھلیوں میں سے مغز کی سالم گلی نکال لیں۔ اس ایک گلی کے دو حصے کرلیں جس طرح مغز بادام کی ایک گلی کے دو حصے ہوسکتے ہیں اسی طرح اس کے بھی دو حصے آسانی سے ہو جائیں گے۔

قطرہ برابر پانی لے کر پتھر کی سل پر گٹھلی کو تھوڑا سا گھس کر مارگزیدہ کے زخم پر چپکا دیں، گھٹلی چپک جائے گی اور زہر چوس کر خود بخود گر پڑے گی اسی طرح کئی گٹھلیاں چپکائیں مگر جب زہر بدن میں نہ رہے گا تو گٹھلی ہرگز نہ چپکے گی۔

(۱۶) سُرمہ تپ توڑ

عجوبۂ روزگار دوائی حیرت انگیز چیز

انسانی عقل تسلیم کرے یا نہ کرے مگر یقینی طور پر اسی طرح مفید ہے، اگر ایک سلائی دائیں آنکھ میں ڈالی جائے تو نصف سر سے لے کر پاؤں تک اس طرف کا بخار ۱۵ منٹ میں اُتر جاتا ہے دوسری طرف کا بخار اتنا ہی رہتا ہے۔ اگر دونوں آنکھوں میں اس کی سلائی ڈالی جائے تو بخار پورا اتر جاتا ہے۔ میعادی قسم کے بخار تمام تر نہیں اتر سکتے مگر ۱۰۰ ڈگری سے اوپر نہیں جاتے۔ نسخہ:۔ نیلا تھوتھا حسبِ ضرورت کو ۱۰۰ دن تک متواتر آبِ

لیموں میں کھرل کریں، آبِ لیموں مقطر ہونا ضروری ہے، ایک دن میں آٹھ گھنٹے سے کم کھرل نہ کریں۔ کھرل گھسنے والا نہ ہو بس سرمہ تیار ہے۔

(۱۷) نسل میں لڑکی پیدا ہی نہ ہو

بکری جس نے پہلی بار بچہ دیا ہو اور نر بچہ ہو، اس بچہ کا ناڑا کاٹ کر خشک کریں اور سفوف کر کے اپنے پاس رکھیں۔ بچی جب پیدا ہو تو بقدر ایک رتی اس سفوف کی گھٹی بچی کو دے دیں۔ پہلی خوراک یہی سفوف دیں، اس بچی کی نسل میں کبھی لڑکی پیدا ہی نہ ہوگی ہمیشہ لڑکے ہی پیدا ہوا کریں گے۔

(۱۸) اولادِ نرینہ کے حصول کے لیے

دورانِ حمل تیسرے ماہ میں ۱۵ دن دو بوٹیوں کے بیج حاملہ مستورات کو استعمال کرائیں۔ انشاءاللہ لڑکا ہی پیدا ہوگا۔

تخم شونگی ایک ماشہ صبح پانی سے

تخم بھنگ ایک ماشہ شام کو پانی سے

بیج بغیر دبائے ثابت نگلا کریں، چبانے کی ضرورت نہیں ہے۔ سو فیصدی مجرب نسخہ ہے۔ آسان، کم قیمت اور یقینی مؤثر اور مفید ہے۔

(۱۹) اکسیر بواسیر خونی صرف ۳ خوراک

ایک سیر بھلانوہ لے کر قدرے کوٹ کر ایک سیر دودھ گائے میں ملا کر آگ پر

رکھیں جب بھلانوہ کا تیل دُودھ میں جذب ہو جائے گا تو آگ سے اتار کر مٹی کے ایک برتن میں ڈال کر ٹھنڈا کریں اور ضامن لگا کر رڑک لیں۔ دوسرے روز رڑک کر مکھن نکالیں۔ لسی کو زمین میں دفن کردیں۔ مکھن کا گھی بنا کر چراغ میں جلائیں اور اس چراغ سے کاجل (سیاہی) حاصل کریں۔ یہ کاجل ایک رتی روزانہ ۲ تولہ مکھن میں ۳ روز کھلائیں انشاءاللہ زندگی بھر بواسیر خونی کا عارضہ نہ ہوگا۔ کئی مرتبہ کا آزمودہ نسخہ ہے۔

نوٹ :۔ بھلانوہ کوٹتے وقت یا اُبالتے وقت یا مکھن نکالتے وقت ہاتھ نہ لگائیں۔ مکھن بھی کسی لکڑی یا چمچی سے نکالیں ہاتھ نہ لگائیں۔

(۲۰) ہر قسم کے ناسُور کے لیے ایک خود ساختہ ٹیکہ

کتے کی ہڈیاں جس قدر میسر آسکیں کشادہ منہ والے ایک مٹکے میں ڈال کر ان کے اوپر ایک چینی کا پیالہ رکھ کر مٹکے کا منہ خوب سمپٹ کر کے چولہے پر رکھیں اور نیچے آگ جلائیں۔ بھاپ کے ذریعے ایک قسم کا عرق چینی کے پیالہ میں آجائے گا۔ اس عرق کو محفوظ رکھیں بوقتِ ضرورت ۱۵ بوند عرق ہٰذا کا انجکشن بازو میں لگائیں۔ زیادہ سے زیادہ ۳ انجکشن کافی ہیں۔ گھنبیر ، ناسور ، بھگندر ، سرطان کے لیے عجیب ترین دوائی ہے۔ آزمائیں اور دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔

(۲۱) لاجواب طلاء

صرف ۳ پٹی میں غضب کی قوت

مختصر سا نسخہ مگر فوائد میں بے مثال۔ غضب کا مقوی نسخہ

بیٹھ کبوتر ۵ تولہ۔ سیماب ۵ ماشہ۔ آب پیاز ایک پاؤ خوب کھرل کریں۔ ۳ دن کم از کم کھرل کریں اور لیپ سا بنا لیں ایک ماشہ عضو پر لگائیں۔ ۳ پٹی سے تمام نقائص دُور ہو جائیں گے۔

(۲۲) نقلی کستوری مگر اصلی کی طرح فائدہ مند

اصلی کستوری کا ملنا جوئے شیر لانے کے مصداق ہے یہ نسخہ کستوری کا بدل ہے، کستوری کی جگہ اسے استعمال کیجیے۔

لونگ۔ جائفل۔ کپور کچری۔ ناگر موتھا۔ فرفیون۔ دار چینی۔ دانہ الائچی خورد۔ بالچھڑ۔ کتھ سیاہ۔ اگر۔ نر کچور۔ جند بیدستر۔ ہر ایک ۶ ماشہ سفوف کریں روغن صندل ۶ ماشہ مسل کر بوٹ پالش والی ڈبیہ میں ڈال کر ۴۰ دن کے لیے بھوسہ یا گندم کے ڈھیر میں رکھ دیں۔ بعد ازاں نکال کر کام میں لائیں۔ بالکل اصلی کستوری کی طرح کار آمد ہے۔

اصلی کستوری کا ملنا محال ہے اس کی بجائے اسی مرکب کو استعمال کریں۔

(۲۳) کشتہ شنگرف ۲/۱ گھنٹہ میں

جو امراض باردہ اور قوتِ باہ کے لیے تریاق ہے

مقل اصغر ۵ تولہ۔ منسل ۵ تولہ ہر دو ادویہ کو باریک کریں اور لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر نرم نرم آگ دیں۔

جب تیل ہو جائے تو اس میں شنگرف رومی کی سالم ڈلی بوزن ایک تولہ ڈال کر نرم نرم آگ پر پکائیں۔ جب تیل جل جائے تو شنگرف قائم النار ہو گا۔ قوت باہ اور امراضِ باردہ کے لیے اس سے بہتر دوا نہ دیکھی ہے، نہ سنی ہے۔ حد درجہ آسان اور حد درجہ مفید ہے۔ مقدار خوراک نصف رتی سے ایک رتی تک کیپسول میں بند کر کے دودھ سے استعمال کرائیں۔

مرغن اغذیہ کا استعمال لازمی ہے۔ سردیوں میں ایک ہفتہ بھر کھا لینے سے کئی سالوں تک قویٰ بحال رہیں گے۔

(۲۴) مفت میں ذیابطیس شکری کا شافی علاج

دودھی خورد ایک مفروش بوٹی ہے ہر علاقہ میں عام ملتی ہے۔ منوں اور ٹنوں حاصل ہو سکتی ہے۔ یہ بوٹی انسولین کے انجکشن کا سو فی صد بدل ہے۔ جہاں ٹیکہ استعمال کرانا ہو وہاں اس دوائی کو استعمال کریں۔ ہزاروں مریضوں پر استعمال کرا کے لکھ رہا ہوں۔ تجربہ کار دماغ اس جڑی بوٹی سے نئی شکل میں دوائی تیار کر کے مارکیٹ میں

پیش کر سکتا ہے۔مفت میں ملنے والی دوائی ہے مگر مفاد میں انسولین سے کم ہرگز نہیں۔اس بوٹی کا سفوف خشک ۶ ماشہ صبح تازہ پانی سے نگل لیں بس یوں سمجھیں کہ آپ نے انسولین کا ٹیکہ کر دیا ہے۔بالکل بے ضرر اور حد درجہ مفید نسخہ ہے اس کی قدر کریں۔اس بوٹی کی ۶ ماشہ کی خوراک ۵۰ یونٹ انسولین کے ٹیکے کے برابر اثر رکھتی ہے۔

(۲۵) یُونانی نشتر

جراحی کے بغیر پھوڑے کو ایک دن میں پھاڑ دینا فی الواقعہ کمالِ طب ہے۔جہاں چاقو کی اذیت برداشت کرنا محال نظر آئے وہاں اس نسخہ کو استعمال کریں، ایک ہی دن میں پھوڑے کو شگاف آجائے گا۔

چوک گندھی ایک دوائی ہے جو کہ پنساریوں سے عام ملتی ہے باریک پیس کر کپڑے سے چھان کر کے محفوظ رکھیں۔بوقتِ ضرورت تھوڑا سا سفوف پھوڑے پر ڈال کر اوپر کسی قسم کا مرہم کا پلیتہ لگا دیں جو ایک دن نہ اُتر سکے۔ایک ہی دن میں شگاف آجائے گا اور پھوڑا پھٹ جائے گا۔

(۲۶) فالج کے لیے سگریٹ

شنگرف رومی تولہ۔میٹھا تیلیہ سفید تولہ۔دونوں کو عرق ادرک ایک بوتل میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

فالج کے مریض کو ایک ایک گولی صبح شام سگریٹ کے تمباکو میں بھر کر یا بند کر کے پلائیں۔ایک ہفتہ میں فالج دُور ہو گا۔انشاءاللہ۔

مالش کا نسخہ:۔ تِل کا تیل ایک سیر۔مالکنگنی تولہ۔سونٹھ تولہ۔لونگ تولہ۔

جائفل تولہ۔ جاوتری تولہ۔ کچلہ تولہ۔ سب چیزوں کو تیل میں جلائیں اور چھان لیں۔
اور اس چھنے ہوئے تیل میں تیل تارپین ۵ تولہ۔ تیل بجلی ۵ تولہ۔ تیل السی ۵
تولہ۔ سپرٹ ۵ تولہ۔ افیون ۶ ماشہ حل کر کے اس کی مالش کریں۔

(۲۷) مرگی کے واسطے نسوار

مرگی کا سوفی صدی مجرب علاج

بھیڑیئے کا سر لے کر کسی ہانڈی میں بند کر کے چونے کی بھٹی میں رکھ دیں۔
۲۴ گھنٹے کے بعد نکال کر ہانڈی میں سے جو کچھ نکلے باریک پیس لیں۔ اس نسوار کو دن
میں ۳ بار مریض کو سنگھائیں۔ بقدر ایک رتی ناک میں نفوخ کریں۔ ایک ہفتہ میں ہی
مرض مرگی کو آرام ہوگا۔ خواہ کسی مادہ کی وجہ سے مرگی ہو یا دماغ کے کسی حصہ میں رسولی ہو
کر مرگی ہوگئی ہو۔ انشاء اللہ چند ہی دنوں میں آرام حاصل ہوگا۔

(۲۸) آتشک کے لیے حقہ کے ۲ کش

شنگرف مدبر۔ مازو پھل۔ جڑ مدار۔ بھنگرا، ان چار چیزوں کو کوٹ کر پیس
لیں۔ اس سفوف میں سے ۹ ماشہ لے کر حقہ میں تمباکو کی طرح رکھ کر اُوپر درخت کیتھے کی
لکڑی کی آنچ رکھ کر حقہ پیئیں۔ ۵-۷ دن اسی طرح روزانہ ایک وقت یہ تمباکو پیا
کریں۔ انشاء اللہ آتشک ہفتہ کے اندر اندر دُور ہو جائے گی۔ اگر منہ میں کچھ تکلیف ہو
جائے یا مُنہ پھول جائے تو کیکر کے پتوں کو پانی میں اُبال کر کلی کریں۔

(۲۹) ایک لونگ میں غضب کی قوّتِ باہ

کبھی کبھی آدمی کی قے کے ساتھ کیڑے نکلا کرتے ہیں یہ دراصل معدہ کے کیچوے ہیں۔ایک کیچوا لے کر اس میں مغز گھونگچی سفید ۳ عدد ملا لیں۔اب ۵۰ مکھیوں (خانگی مگس) کے سر لیں جو تیل سرسوں میں مر گئی ہوں۔

ان تین چیزوں کو کھرل کریں:۔

ایک عدد لونگ کو چاقو سے تراش کر باریک چاول کی طرح بنا لیں اور اس پر دوائی مذکور ذراسی لگا کر اندری کے سوراخ میں رکھ دیں۔فوراً انتشار ہوگا اور شدت انتشار اگر حد سے زیادہ تجاوز کر جائے تو سرد پانی سے غسل کریں اور شیرہ تخم خیارین۔زیرہ سفید ۔گل بنفشہ اور مصری ملا کر پی لیں۔ایک روز کے عمل سے چالیس روز تک طاقت قائم رہتی ہے۔ناقابلِ برداشت انتشار اور غضب کی قوتِ امساک ہوگی۔

(۳۰) سوزاک کے لیے ایک خوارک

روغن صندل ۶ ماشہ۔الائچی خورد ۶ ماشہ۔لوبان کوڑیہ ۶ ماشہ۔تخم بھنگ ۲ ماشہ۔
تمام ادویہ کو باریک کریں اور ایک پاؤ گوشت بکرا جس میں مرچ مصالحہ خوب ڈالے گئے ہوں اور خوب گھی ڈالا ہو پکائیں۔آدھا گوشت سوزاک کے مریض کو کھلائیں اور گوشت کھانے کے نصف گھنٹہ کے بعد یہ دوائی کی پوری مقدار کھلا دیں اور اس کے آدھے گھنٹے کے بعد باقی نصف گوشت بھی کھلا دیں۔بس ایک ہی خوراک سے سوزاک ختم

ہوگا۔ سینکڑوں بار کا مجرب نسخہ ہے۔

(۳۱) طِلائے یک شب

طلاء کا ایک ایسا سریع الاثر نسخہ پیش کررہا ہوں، جس کی مثال دنیائے طب میں نہیں ہے۔ اس کے صرف دو رات کے استعمال سے ایسی قوت آجاتی ہے کہ جس کی برداشت انسانی قوت سے باہر ہے۔ قبرستان کی پرانی کھنڈ مکوڑوں کی کھودیں۔ ایک جوڑا سیاہ رنگ بچھو اس سوراخ میں سے مل جائیں گے۔ اس جوڑے کو ۴ تولہ روغنِ تل میں بریاں کریں اور کھرل کر کے رکھ دیں۔ بس طِلاء تیار ہے۔ بطریق معروف حشفہ اور سیون چھوڑ کر اس کی مالش کریں اور اوپر برگ ارنڈ باندھ دیں۔ دو دنوں سے زیادہ کوئی شخص برداشت نہیں کرسکتا۔

(۳۲) عجیب وغریب جلاب

ایک عدد ہلیلہ کابلی لے کر ایک عدد تُمّہ میں شگاف دے کر اس کے اندر رکھ دیں۔ جو ٹکڑا (اندرائن) تمہ کا نکلے اسے اوپر دے کے مٹی سے منہ بند کر دیں۔ ۳ دن کے بعد ہلیلہ کابلی کو نکالیں۔ اسی طرح چالیس عدد تمہ میں رکھیں۔ بس مسہل تیار ہے جو برسوں کام دے گا۔

جب کسی مریض کو اسہال لانا مقصود ہو تو مریض کے ہاتھ گرم پانی سے دھلا کر ہلیلہ اس کے ہاتھ میں دے دیں اور مٹھی کو پندرہ بیس منٹ بند کر کے بیٹھا رہے۔ اسہال جاری ہو جائیں گے۔ جب بند کرنا چاہیں۔ ہلیلہ کو لے لیں اور ٹھنڈے پانی سے ہاتھ دھولیں۔ اسہال بند ہو جائیں گے۔

(۳۳) ہلکاؤ کا سو فی صدی مجرّب علاج

دنیا میں ہلکاؤ سے بڑھ کر خطرناک اور کوئی مرض نہیں مگر یاد رکھیے کہ یہ مرض لاعلاج نہیں۔طب یونانی میں اس کا شافی نسخہ موجود ہے۔میرے تجربہ میں اس سے بڑھ کر اور کوئی نسخہ نہیں۔جب مریض موت کے قریب پہنچ گیا ہو اور اس کے بچنے کی صورت نظر نہ آئے تو اللہ کا نام لے کر سرسوں کا تیل پلانا شروع کر دیں مریض کو جس طریقہ سے پلا سکیں پلائیں۔تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد ایک ایک چھٹانک تیل پلاتے رہیں۔جب ایک سیر کے قریب تیل سرسوں معدہ کے اندر پہنچ جائے گا تو اسہال اور قے شروع ہو جائے گی جو اس بات کی دلیل ہے کہ مریض اب شفایاب ہو رہا ہے۔تھوڑی دیر میں ہی مریض مرض کے چنگل سے نکل کر ہوش میں آجائے گا۔

بتاؤ اس کے مقابلے میں ایلوپیتھی کے پاس کیا چیز ہے؟

(۳۴) ایک رات میں دوگنی فربہی اور درازی

غلط بات نہیں۔مبالغہ نہیں بلا شک وشبہ صحیح نسخہ ہے۔میرا آزمودہ ہے اگر آپ بھی بنانا چاہیں تو محنت کریں اور بنائیں۔

ایسا سانپ تلاش کریں جس نے مادہ سے ملاپ نہ کیا ہو۔اس کی پہچان یہ ہے کہ اس کے دل پر ایک موہکہ مسّہ ہوتا ہے۔بس یہ مسّہ ایک عدد لے لیں۔ایک ماشہ بھگو کُتا جو درخت جھاؤ پر کثرت سے آپ کو مل جائیں گے۔یہ ایک قسم کا کیڑا ہے بدن پر خارش پیدا کرتا ہے۔

۳ ماشہ جونک اور ۳ ماشہ خراطین مصفی کو ایک دن روغن زیتون میں کھرل کر

کے بذریعہ پتال جنتر روغن نکال لیں۔

دوعدد مُرغ جوان ذبح کر کے ان کے پتّے کا پانی پیالہ میں رکھ کر بقدر ۲ رتی طلائے مذکور عضو پر مالش کریں۔(مگر سیون اور حشفہ کو چھوڑ کر) ۵ منٹ کے اندر اندر عضو مخصوص بڑھنا اور پھیلنا شروع ہو جائے گا جس حد تک درازی اور فربہی رکھنا ہو وہاں پر آپ پتے کا پانی لگادیں۔بس زندگی بھر نہ کسی دوا کھانے کی حاجت نہ لگانے کی ضرورت ہے اور ہمیشہ کے لیے عضو تناسل کی لمبائی اور موٹائی اتنی ہی رہے گی۔

(۳۵) بچھو کاٹے کے لیے طلسمی ہاتھ

میں متواتر ۳ سال اس طلسم کا عامل رہا ہوں۔عجیب وغریب عمل ہے۔ادھر بچھو نے کاٹا ادھر طلسمی ہاتھ مقام ماؤف پر مَس کر دو تو درد ایک سیکنڈ میں دُور ہو جائے گا۔

آم کے موسم میں تازہ بُور لے کر دونوں ہاتھوں پر کم از کم ۶ گھنٹے ملو، متواتر ملتے رہو۔۱۲ گھنٹے تک ہاتھ دھونا منع ہے۔بس ایک سال تک اثر رہے گا۔بچھو کاٹے پر آپ جب اپنا ہاتھ پھیر دیں گے تو درد فوراً دُور ہو گا۔

تجربہ کر کے دیکھ لیں بے خطا عمل ہے۔

(۳۶) ہاتھ سینکنے سے خارش دور

پارہ گندھک آملہ سار ہر واحد ۶-۶ ماشہ۔رسکپور ۳ ماشہ۔مرچ سیاہ ۶ ماشہ۔کمیلہ ۶ ماشہ۔نیلا توتیا ۶ ماشہ۔

پارہ اور گندھک کو ۳ گھنٹے کھرل کر کے کجلی بنائیں اور باقی باریک ادویہ شامل کر کے مزید ۳ گھنٹے کھرل کریں حتی کہ سیاہی مائل ایک سُرمہ کی طرح کا سفوف تیار ہو

جائے۔

۲ ماشہ سفوف ہٰذا ۶۱ ماشہ مکھن میں ملا کر ہاتھوں پر لگائیں اور آگ پر ۵-۱۰ ہاتھ سینکیں۔ ۲، ۳ دن اسی طرح کرنے سے خارش چلی جائے گی۔ اگر جس پر زخم بھی بن گئے ہوں گے تو ۲، ۳ دنوں میں دُور ہو کر صحت ہو جائے گی۔ انشاء اللہ

(۳۷) انڈہ کھانے سے مرگی دُور

ٹیڑی ایک پرندہ ہے، جسے ہمارے علاقہ میں ٹیہٹر کہتے ہیں یہ پرندہ عام طور پر کھیتوں میں انڈے دیتا ہے۔ نیلگوں دھاری دار انڈہ ہوتا ہے جو کھیتوں میں اکثر مل جاتا ہے۔ مجھے بھی تلاش سے مل گیا تھا۔ آپ بھی کوشش کریں تو مل جائے گا۔

مرگی کا دورہ جب پڑ جائے تو انڈہ توڑ کر جو کچھ اس کے اندر ہو مریض کے منہ میں انڈیل دو۔ انشاء اللہ دورہ بھی دُور ہو گا اور آئندہ بھی مرض کا حملہ نہ ہوگا۔ کوئی ایسی غیبی تاثیر ہے جس کے اثرات بے خطا ہیں۔ انسانی دماغ اگرچہ انکار کرے کہ مرض نہیں جا سکتا مگر نسخہ سوفی صد مفید ہے۔ انکار ہو سکتا ہی نہیں۔

(۳۸) بہرہ پن کے لیے اکسیری نسخہ

لاکھوں میں انتخاب نسخہ۔ کان کی تمام خرابیاں دُور ہو کر قوت سماعت نئے سرے سے عود کر آئے گی اور حیرت انگیز فائدہ ہوگا۔

آپ کچھوے کا پیشاب حاصل کریں مگر...... کس طرح؟ آپ کچھوے کو پکڑ کر کسی چوڑے برتن میں اسے رکھ دیں اور ایک بہت بڑا اوپلہ لے کر اس کچھوے پر رکھ دیں۔ بس کچھوے کا پیشاب نکل جائے گا۔ کیوں نکلے گا؟ اس کا جواب میرے پاس

نہیں ۔البتہ نکل ضرور جائے گا۔

اس پیشاب کو شیشی میں محفوظ رکھیں ۔ڈراپر کی مدد سے ۲-۴ قطرے صبح وشام کان میں ڈالیے۔خدا کے حکم سے ہفتہ عشرہ کے اندر اندر ڈھول کی آواز کو نہ سننے والے بھی درست ہو جائیں گے۔

(۳۹) گلے کی مالا سے یرقان ختم

مجرب چیز ہزاروں مریضوں پر آزمودہ

اِٹ سٹ ایک جڑی بوٹی ہے اور اسی نام سے تمام علاقوں میں متعارف ہے۔عام بوٹی ہے ہر علاقہ میں مل سکتی ہے۔اس کی جڑیں لے کر چھوٹے ٹکڑے کر لیں اور دھاگے میں پرو کر مالا بنالیں کم از کم چالیس ٹکڑے پرولیں اور مریض کے گلے میں ڈال دیں۔

ٹیکوں، گولیوں، شربتوں اور قیمتی دواؤں کو ایک طرف رکھ دیں۔یرقان ایک ہفتہ کے اندر اندر دُور ہو گا۔جگر کا فعل درست ہو جائے گا ہضم ٹھیک ہو جائے گا۔یقین نہ آئے تو بنا کر آزمالیں اور طب یونانی کو دعا دیں۔

(۴۰) خنازیر کا مکمل علاج

ہزاروں مریضوں پر آزمودہ نسخہ حیات بخش علاج

خار پشت (جنگلی چوہا جسے عرف عام میں جھاہ کہتے ہیں) گرمی کے موسم میں رات کے وقت باہر نکلتا ہے۔بدن پر کانٹے ہی کانٹے ہوتے ہیں۔اس کا پیٹ چاک کر کے ایک تولہ سم الفار سفید کی سالم ڈلی اس کے اندر رکھ کر پیٹ کو دھاگے سے سی دیں

۔ایک مٹی کا برتن لے کر اس میں اس کو رکھ کر برتن کو ۳ بار گل حکمت کریں اور خشک کریں دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔آگ سرد ہونے پر برتن میں سے جو کچھ نکلے پیس کر شیشی میں محفوظ رکھ لیں۔مقدارِ خوراک ایک رتی مکھن یا بالائی میں روزانہ دیا کریں۔دن میں صرف ایک وقت ایک ہفتہ استعمال کرانے پر خنازیر کا وجود بھی جسم میں نہ رہے گا۔

(۴۱) کشتہ سونا کا بدل

آپ جس جس مقام پر کشتہ سونا استعمال کرانا چاہتے ہیں اس اس مقام پر اسی نسخہ کو استعمال کرائیں وہی فوائد اور وہی اثرات ایک ذرا برابر فرق نہ ہوگا۔بے حد طاقت بخش چیز ہے۔کشتہ سونا کا سوفی صدی درست بدل ہے۔

فلفل دراز ۵ تولہ لے کر کھرل میں یا کونڈہ ڈنڈہ میں ڈال دیں۔۴ آدمی رگڑائی کے لیے بٹھادیں۔ایک آدمی تھک جائے تو دوسرا آدمی فورا رگڑائی شروع کردے۔ایک لمحہ کے لیے بھی رگڑائی کو بند نہ کیا جائے۔۲۴ گھنٹے کھرل کرنا یا رگڑنا ضروری ہے بس نسخہ تیار ہے۔مقدار خوراک ایک رتی پانی یا دودھ سے۔

اعضائے رئیسہ کی کمزوری، خون کی کمی، قوتِ باہ کی کمزوری کا بہترین علاج ہے اور بڑھاپے کا سہارا ہے۔جوانوں کی طاقت بڑھاتا ہے۔بچوں کو موٹا اور طاقتور بنانے والی اکسیر ہے عورتوں کی اکثر امراض کا علاج ہے۔

(۴۲) مالیخولیا سے ایک ہفتہ میں قطعی آرام

دہی خالص ایک پاؤ میں پھٹکری باریک پسی ہوئی ۳ ماشہ ڈال کر مریض کو کھلا دیں اور اس کے ایک گھنٹہ کے بعد مکھن خالص کم از کم ایک پاؤ کھلا دیا جائے۔

مالیخولیا کے مریض کو پہلی رات آرام کی نیند آجائے گی اور ایک ہفتہ بھر استعمال
کر لینے کے بعد پورا آرام آجائے گا۔نہایت مفید و مؤثر ترکیب ہے۔اسے ادنیٰ علاج
نہ سمجھیں۔

ہزاروں لاکھوں قیمتی معجونوں اور انجکشنوں سے بھی سریع الاثر ہے۔کئی مریض
شفایاب ہو چکے ہیں۔

(۴۳) عظمِ طحال کے لیے صرف ایک خوراک

کُتے کی مکھی (جو کُتے کے جسم پر اکثر چمٹی رہتی ہے) ایک عدد لے کر مریض کو
اطلاع دیے بغیر ایک عدد کیلہ میں رکھ کر مریض کو بائیں کروٹ لٹا کر کھلا دیں۔ایک کیلہ
بعد میں یونہی کھلا دیں۔

اس کے بعد دھان کی کھیلیں (کچھا دھان) بقدر آدھ پاؤ مریض چبا چبا کر
کھالے۔

بس کسی اور دوائی کی ضرورت نہیں اگر تلی ایک طرف سے بڑھ کر دوسری طرف
تک آگئی ہو تب بھی اس ایک ہی خوراک سے اپنے اصلی حجم کے برابر آجائے گی۔
جس دن دوا استعمال کی جائے اس دن غذا ہلکی اور زُود ہضم دی جائے۔

(۴۴) سُرمہ کی ایک سلائی سے پتھری نکل جائے

کال کڑچھی (دھوبن چڑیا) ۳ عدد۔ بچھو سیاہ ایک عدد۔ تیلنی مکھی تازہ ۳ تولہ۔ ان تینوں اجزاء کو باریک پیس کر سفوف بنالیں۔

ایک کپڑا انہایت باریک سوا بالشت لمبا لے کر اسے ارہر کے پانی میں تر و خشک کریں حتی کہ ایک پاؤ ارہر کا پانی اس کپڑے میں جذب ہو کر خشک ہو جائے۔ سب جانوروں کا سفوف اس میں بھر کر بتی بنائیں اور بہت ہی پرانا گھی لے کر چراغ میں اس کو ڈال کر بتی مذکورہ روشن کر کے کاجل حاصل کریں۔ اس کاجل کی ۲، ۲ سلائیاں دونوں آنکھوں میں ڈالیں اور مریض کو ہدایت کر دیں کہ پیشاب کی حاجت ہو تو روک رکھیں جب کم از کم ۳ گھنٹے گزر جائیں تو پیشاب کرا دیں سب پتھری پانی بن کر نکل جائے گی۔ اس کے بعد برگ ارہر کا گھوٹا بنا کر مصری ملا کر مریض کو پلا دیں۔ انشاء اللہ ایک ہی دن میں پتھری نکل جائے گی خواہ گردہ میں ہو یا مثانہ میں ہو۔

(۴۵) دو بُوند دوا سے پیٹ کا ۲۰ سیر پانی نکل جائے

استسقاء زقی کا شافی علاج

ایک برتن میں ایک پاؤ السی کا تیل ڈال کر ایک چھٹانک نوشادر کی سالم ڈلی اس میں ڈال دیں اور برتن کے نیچے آگ جلائیں۔ گندھک آملہ سارا 2½ تولہ کا

سفوف اس ڈلی کے اوپر چٹکی چٹکی ڈالتے رہیں حتی کہ نوشادر کی ڈلی پھول جائے۔

پھر قلمی شورہ ۵ تولہ لے کر ۲ تولہ سرکہ میں حل کر کے اس ڈلی پر لیپ کریں اور اس ڈلی کو ڈولی میں رکھ کر رُوئی اور مٹی سے ڈولی کو سمپٹ کر کے ریت میں دبا کر دو تین پہر ڈلی کو آگ دیں۔ (کڑاہی میں ریت ڈال کر اس میں ڈولی ڈال دیں) بعدہٗ ڈلی مذکورہ نکال کر ٹکڑے ٹکڑے کر کے ایک بوتل میں ڈالیں اور پتال جنتر سے تیل نکالیں۔

اس تیل کی دو بوند پانی یا بتاشہ میں ڈال کر مریض کو کھلا پلا دیں۔ ایک دو دن میں مریض بالکل تندرست ہو جائے گا۔

(۴۶) ایک خوراک سے پیٹ کے تمام کیڑے باہر ہوں

پوست انار ترش ۵ تولہ۔ قند سیاہ کہنہ تولہ۔ پوست بیخ بینگن ۶ ماشہ۔ سب کو 1½ سیر پانی میں جلا کر جوش دیں۔ جب 1½ پاؤ پانی رہ جائے تو صاف کر کے پُن چھان کر مریض کو صبح کے وقت نہار منہ پلا دیں اور نصف گھنٹے تک مریض کو چہل قدمی کرائیں اور ایک دست آئے گا جس میں تمام کے تمام کیڑے خارج ہو جائیں گے اور پھر پیدا نہ ہوں گے۔

اگر ایسی ہی ایک خوارک ہفتہ بعد پھر استعمال کرائیں تو زندگی بھر پیٹ اور امعاء کیڑوں سے پاک صاف رہیں گے۔

(۴۷) پاؤں کی کف پر تیل ملنے سے غضب کا امساک ہو

تخم دھتورہ سیاہ۔ گھونگچی سفید ہر ایک ہموزن

دونوں کو جوکوب کر کے آتش شیشی کے ذریعہ پتال جنتر سے تیل نکالیں۔ یہ تیل تھوڑا سا ہر دو پاؤں کے تلوؤں پر لگا دیں۔

جب تک پاؤں کو صابن سے نہ دھوویں گے تب تک امساک رہے گا۔ خواہ ہفتوں تک چلے جائیں۔

(۴۸) سرطان کے لیے یقینی فائدہ مند مرہم

جس کے استعمال سے ورم ٹوٹ جاتا ہے اور مادہ خوب خارج ہوکر اسی مرہم سے سرطان مندمل ہو جاتا ہے۔ سرطان جیسے عسر العلاج مرض کے لیے یہ ایک اکسیر حیات بخش ہے خوبی یہ ہے کہ درد، سوزش اور تکلیف بالکل نہیں ہوتی۔

نسخہ:۔ شنگرف رومی ۲ ماشہ، فلفل سیاہ ۲ ماشہ، زرد چوب ۲ ماشہ کوٹ چھان کر الگ رکھیں۔ ترپھلہ ا تولہ، کوکنارا تولہ، برگ درخت بڑا تولہ (جو خشک ہوکر درخت سے جھڑ گئے ہوں)۔ ان کو جدا جدا جلا کر کپڑے میں سے چھان لیں۔ بعدہٗ موم ا تولہ ڈال کر خوب گھوٹیں اور باقی سب ادویہ ملا کر مرہم بنالیں۔ بوقتِ ضرورت تھوڑا سا مرہم ایک کپڑے پر لگا کر سرطان پر چپکا دیں۔

(۴۹) ایک گولی سے سیلان الرحم کا علاج

سیلان الرحم کا چوٹی کا نسخہ

ایک ہی خوراک سے بوڑھی عورت بھی مثل باکرہ ہو جائے

ایسی گائے کا دُودھ جو کم از کم دو سال پلا چکی ہو ۴ سیر قلعی دار برتن میں ڈال کر ایک پاؤ مازو بلا سُوراخ سبز لے کر پوٹلی میں باندھ کر دُودھ میں چھوڑ دیں اور دُودھ کا کھویا پکائیں کھویا تیار ہونے کے بعد خشک کر کے محفوظ رکھیں یہ کھویہ سنگرہنی کا اکسیر علاج ہے۔۲ تولہ صبح و شام پانی سے دیں۔

مازو مدبر ہو جائیں گے۔اس ترکیب سے مدبر شدہ مازو ا تولہ بُور لیموں، بُور جامن، بُور سنگترہ، بُور مالٹا، بُور اناز، بُور آم، بور مہندی بور شیشم، بُور سرس ہر ایک ا تولہ۔

پھٹکوی بریاں، کمر کس عمدہ، اُٹنگن، گوند چینا۔ بیج بند۔ گورکنی بوٹی بیلگری۔ مائیں خورد۔ بہیڑا گھٹلی نکالا ہوا۔ ہر ایک ا تولہ لعاب بہیدانہ ا تولہ سے کھرل کر کے بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔ایک گولی ہمراہ آبِ تازہ دیں۔

ایک گولی سے ایک سال تک اثر رہے گا۔عورت مثل باکرہ ہو جائے گی۔دوسری گولی ہرگز نہ دیں اگر ضرورت پڑے تو ایک سال کے بعد دے سکتے ہیں۔

(۵۰) ۳ دن دوائی کھلانے سے ہمیشہ کے لیے برتھ کنٹرول

سو فی صدی درست ۔قطعا بے ضرر، حمل ہمیشہ کے لیے بند ہوگا مگر حیض آتا رہے گا۔جسم میں کسی قسم کا نقص نہ ہوگا، نہ کوئی تکلیف ہوگی۔

سرگین فیل تازہ لے کر سایہ میں خشک کریں اور بوتل میں محفوظ رکھیں۔

جب عورت ایامِ ماہواری سے فارغ ہو تو ۳ ماشہ کی مقدار میں روزانہ پانی کے

ساتھ ۳ دن تک کھلائیں۔

بس اس کے بعد کسی اور دوا کی ضرورت نہیں ہے۔

لاجواب اکسیر ہے۔

(۵۱) سخت ملذذ نسخہ

جس کی تعریف اخلاقی جرم ہے۔صرف اتنا کہہ سکتا ہوں کہ اُس مرد کے بغیر عورت کو کبھی تسلی نہ آسکے گی۔

جھاہ (خارپشت۔جنگلی چوہا) مار کر ٹکڑے ٹکڑے کر کے کڑاہی میں پانی ڈال کر اس میں کم از کم چھ گھنٹے تک پکائیں تا کہ تمام چربی پگھل کر پانی میں آجائے۔

گرمی کا موسم ہو تو اس کڑاہی میں تھوڑی سی برف ڈال دیں تا کہ پانی ٹھنڈا ہو جانے پر چربی پانی کی سطح پر آکر جم جائے اور اگر سردی کا موسم ہو تو ایک دو گھنٹے ویسے ہی رکھ دیں پانی کی سطح پر چربی آجائے گی۔اسے کسی ذریعہ سے اتار کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔بوقتِ مجامعت ایک رتی یہ چربی عضو مخصوص پر لگائیں۔زندگی بھر میں صرف ایک بار لگائیں۔شریف مستورات کو عیاشی کا سبق نہ دیں۔

(۵۲) تبخیرِ معدہ کا سو فیصد مفید علاج

تقریباً ۹۰ فیصد انسان اس موذی مرض کا شکار ہیں۔

سو فیصد مفید نسخہ پیش خدمت ہے۔

تباشیر اصلی۔ ابریشم۔ الائچی۔ مروارید خالص۔ کہربا شمعی۔

۶ ماشہ ۶ ماشہ ۶ ماشہ ۳ ماشہ ۶ ماشہ

کوزہ مصری ۵ گنا۔ سفوف بنائیں۔ مقدار خوراک ۲ ماشہ بعد از غذا دو وقت صبح شام

(۲) صافی ہمدرد دواخانہ ایک ایک چمچی نہار منہ و رات کے وقت۔

(۳) خمیرہ گاؤزبان عنبری کشتہ مرجان جواہر والا

۶ ماشہ ۲ چاول

ملا کر عصر کے وقت

یہ ایک ایسا سائنٹفک علاج ہے کہ دو ہفتہ بھر لے لینے کے بعد پھر اس مرض کا دورہ زندگی میں نہیں پڑتا۔ یقینی اور آخری علاج ہے۔

جامع الاکاسیر
المعروف بہ
کشتہ جات نظیر

کامل پانچ حصے

مصنفہ

جناب مولوی نذیر احمد خان طبیب گنگوہی

☆ اس سے پیشتر رسالہ ہائے کشتہ جات ودیگر کتب کثرت سے شائع ہو چکے ہیں مگر سب کے سب نامکمل سمعنا ولاعلمنا کے مصداق ہیں کشتہ جات کے شوقین ہنوز بے بہرہ ہیں۔ مصنف نے ہر قسم کے کشتہ جات عرصہ دراز میں اس مرض مہوسی سیکھے اور بنائے اور تجربہ کیا ان کو ایک جا جمع کر دیئے ہیں تا کہ عوام الناس فائدہ اٹھا کر دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔

☆ جامع الاکاسیر پانچ حصص پر مشتمل ہے۔

☆ حصہ اول کشتہ جات نظیر

☆ حصہ دوم کیمیائے نظیر

☆ حصہ سوم مجربات نظیر المعروف بہ قرابادین نظیر

☆ حصہ چہارم عملیات نظیر

☆ حصہ پنجم علاج العین نظیر

☆ جامع الاکاسیر کا کوئی حصہ ناکارہ نہیں ہے۔ اس کتاب میں وہ نسخے درج ہیں جو حکیموں اور سنیاسیوں کے ہی آج تک سینہ بسینہ چلے آرہے تھے ہر قسم کے عملیات بزرگوں کے آزمودہ درج ہیں اور اجازت حاصل کی گئی ہے۔

☆ الگ الگ حصے جات دستیاب نہیں ہیں۔

پانچ حصص یک جا مجلد قیمت-/300 روپے

معجزات و عجائبات طب یونانی

المعروف سلک معجز نما

مصنفہ ومؤلفہ

ڈاکٹر شاد گیلانی

☆ اس کتاب میں طب یونانی کے وہ جواہر پارے ہیں جس کے مقابلے میں ایلوپیتھی میں ابھی تک کوئی دوائی ایجاد نہیں ہو سکی۔

☆ اس کتاب میں جو جواہر پارے ہیں۔ ایسے ایک ایک نسخہ کو اطبا ہزار کاوشوں سے حاصل کرتے ہیں برسوں خدمت کرنے کے بعد جب حاصل ہو جائے تو اپنے سینوں میں دفن کرتے ہیں وہ انمول خزانہ اس کتاب میں ہے۔ قیمت-/60 روپے

ہومیوپیتھک

جیبی انسائیکلوپیڈیا

مصنفہ ومؤلفہ

ڈاکٹر شاد گیلانی

☆ ہومیوپیتھی "علامات" کا علاج ہے۔

☆ مصنف ومولف نے اپنے تجربات کو اس طرح پیش کیا ہے کہ ہر طبیب ان سے فائدہ اٹھا سکے۔

☆ مختصر سا فارماکوپیا ہے۔

☆ یہ فارماکوپیا ہومیوپیتھ ڈاکٹر کے لئے بے حد مفید ہوگا۔

☆ محدود تعداد میں موجود ہے۔ قیمت-/60 روپے

مجربات بوعلی سینا
و
لذات النساء

مصنفہ

جناب حکیم محمد عزیز حکیم حاذق

☆ یہ کتاب قانون شیخ الرئیس بوعلی سینا طب اکبر، زمرد اخضر، میزان طب، کفایہ منصوری، مخزن حکمت ودیگر کتب معتبرہ سے منتخب کر کے بنائی گئی ہے۔ قیمت-/200

حکمت
کے
خفیہ راز

مصنفہ

جناب حکیم دیوان کاہن چند کپور پشاوریہ

☆ یہ کتاب میں معمولی امراض سے لے کر نہایت خطرناک بیماریوں کے نسخہ جات درج ہیں جو مصنف کتاب کی اپنی تمام زندگی میں بارہا تجربہ میں آچکے ہیں۔ قیمت-/60 روپے

حکمت
کے
مفید ٹوٹکے

مرتبہ

بابا عبدالکریم گجراتی

☆ حکمت کے آسمان پر چاند اور ستارے۔

☆ مفید ٹوٹکے مرتب کو پچیس برس کی سرتوڑ کوشش کے بعد حاصل ہوئے۔ قیمت-/100

آسان بائیو کیمسٹری

مصنفہ ومؤلفہ

ڈاکٹر سلطان محمود چغتائی تلمیذ ڈاکٹر شاد گیلانی ہومیوپیتھ

☆ ہومیوپیتھک علاج کیلئے لاجواب کتاب قیمت-/100

اکسیر اجملی

مرتبہ

بابا عبدالکریم گجراتی

☆ حکیم اعظم فخر حکمت جناب حکیم محمد اجمل خان صاحب کے بیاض میں سے چند نایاب تحفے قیمت-/50

خط وکتابت اور منی آرڈر بھیجنے کا پتہ:- ملک سراج الدین اینڈ سنز، پبلشرز، 48/C لوئر مال، لاہور